ماڈل پیپر

اُردو(لازمی)　　جماعت نہم　　(معروضی طرز)　　کل نمبر:15　　وقت:20منٹ

1۔کتاب کے متن کو مدِّنظر رکھتے ہوئے درج ذیل کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں: 1x15=15

(i) حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ساری زندگی قرآن مجید کی تھی:

(الف) تشریح　　(ب) تفسیر　　(ج) وضاحت　　(د) عملی تفسیر

(ii) انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ ملے کوئی:

(الف) خضر　　(ب) سخی　　(ج) حکمران　　(د) وزیر با تدبیر

(iii) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا:

(الف) آبِ حیات　　(ب) آبِ خنک　　(ج) آبِ حیواں　　(د) آبِ زر

(iv) کلیم کے پیچھے جو شخص بھاگا، اُس کا نام تھا:

(الف) مرزا ظاہر دار بیگ　　(ب) مرزا زبردست بیگ

(ج) مرزا قوی بیگ　　(د) مرزا جان دار بیگ

(v) ڈاکٹر کے خیال میں مریض کو دوا سے زیادہ ضرورت تھی:

(الف) نیند کی　　(ب) تنہائی کی　　(ج) آرام وسکون کی　　(د) گپ شپ کی

(vi) شریف حسین کو تانگے میں سوار ہونے کا لُطف آتا تھا:

(الف) مہینے کے آخری روز　　(ب) مہینے کے ابتدائی روز　　(ج) مہینا بھر　　(د) مہینے کے وسط میں

(vii) مؤرخوں نے ہندوستان کا دروازہ کہا تھا:

(الف) لنڈی کوتل کو　　(ب) پشاور کو　　(ج) ہُنڈ کو　　(د) نوشہرہ کو

(viii) فضیلت، عزّت اور فرماں روائی کا حُصول ممکن ہے:

(الف) شُہرت سے　　(ب) وراثتِ اجداد سے

(ج) مال ودولت سے　　(د) محنت ومشقت سے

(ix) ''سِفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر'' سے علّامہ محمد اقبالؒ کی مراد ہے:

(الف) ظروف سازی (ب) اپنے وسائل پر انحصار (ج) مٹّی کو سونا بنانا (د) مٹّی کے برتن

(x) بقولِ میرؔ ''اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی'':

(الف) دوا (ب) شفا (ج) دُعا (د) وفا

(xi) ''فرنگن'' کا مذکر ہے:

(الف) فرنگ (ب) فرنگی (ج) فارنگا (د) اَفرنگ

(xii) ''مقالات'' کا واحد ہے:

(الف) قول (ب) قال (ج) مقولہ (د) مقالہ

(xiii) لفظ ''آرائش'' کا مترادف ہے:

(الف) زیبائش (ب) فہمائش (ج) آفرینش (د) آزمائش

(xiv) ''عُروج'' کا متضاد ہے:

(الف) جمال (ب) کمال (ج) زوال (د) ہِلال

(xv) محاورہ ''ٹس سے مس نہ ہونا'' کا مطلب ہے:

(الف) پریشان نہ ہونا (ب) ذرا بھی اثر نہ ہونا (ج) جگہ نہ چھوڑنا (د) بات نہ ماننا

اُردو(لازمی)　　جماعت نہم　　(انشائی طرز)　　کل نمبر:60　　وقت: 2:10 گھنٹے

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔(حصّہ نظم سے 3اور حصّہ غزل سے 2اشعار منتخب کیجیے)　　2x5=10

حصّہ نظم:

(i) پُھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ اَلَست سے　　اُس نورِ اوّلیں کا اُجالا تُمھیؐ تو ہو

(ii) نہال اِس گلستاں میں جتنے بڑھے ہیں　　ہمیشہ وہ نیچے سے اُوپر چڑھے ہیں

(iii) مَیں شاخِ تاک ہوں، میری غزل ہے میرا ثمر　　مِرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر

(iv) سونپ کر منصبِ آدمیّت مجھے　　تُو نے بخشی ہے اپنی خلافت مجھے

حصّہ غزل

(v) نہ دیکھا غمِ دوستاں، شُکر ہے　　ہمیں داغ اپنا دِکھا کر چلے

(vi) مَیں خزاں کی شام ہُوں　　رُت بہار کی ہے تُو

(vii) تم ہی واقف نہ تھے آدابِ جفا سے ورنہ　　ہم نے ہر ظلم کو ہنس ہنس کے سہارا ہوتا

3۔ درج ذیل نثر پاروں میں سے کسی ایک کی تشریح لکھیے۔سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ/ تراکیب کے معانی بھی تحریر کیجیے۔　　1+1+3+5=10

(الف) رفتہ رفتہ نیچر کی گردش نے موجودہ نسل کو اس زرخیز اور بے بہا جائیداد کا وارث کیا ہے جو ہمارے پُرکھوں کی ہوشیاری اور محنت سے مہیّا ہوئی تھی اور وہ جائیداد ہم کو اس لیے نہیں دی گئی ہے کہ ہم صِرف مثلِ مارِ سرِ گنج اس کی حفاظت ہی کیا کریں، بلکہ ہم کو اس لیے دی گئی ہے کہ اس کو ترقّی دیں اور ترقّی یافتہ حالت میں آیندہ نسلوں کے لیے چھوڑ جاویں، مگر افسوس صد ہزار افسوس کہ ہماری قوم نے ان پُرکھوں کی چھوڑی ہوئی جائیداد کو بھی گرا دیا۔

(ب) اِس میں شک نہیں کہ حسن ابدال رونق کی اور عبرت کی جا ہے۔ دونوں طرف انگریزوں کے زمانے کے اونچے اونچے درخت، دُور تک سبزہ، نالیوں میں بہتا ہوا چشمے کا شفاف پانی، اِدھر اُدھر پرانی عمارتیں اور مسجدیں۔ ایک طرف سکھوں کا مشہور گُردوارہ پنجہ صاحب اور دوسری طرف بابا ولی قندھاری کی چلّہ گاہ۔ کشمیر کی طرف مُڑ جانے والی سڑک پر کسی مغل بی بی کی قبر۔ کوئی کہتا ہے کہ اکبر کی بیٹی لالہ رُخ تھی۔ وہ یہاں عالمِ شباب میں مر گئی تھی، بعد میں طامس مور نے اپنی ایک نظم میں اُسے زندہ کر دیا۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 2x5=10

(i) مسجدِ نبوی کی تعمیر اور خندق کے کھودنے میں رسالت مآب خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا کردار ادا کیا؟

(ii) سبق ''نام دیو۔ مالی'' کے مطابق نیکی اور بڑائی کا معیار کیا ہے؟

(iii) شریف حسین نے سنگِ مرمر کے نفیس ٹکڑے کا استعمال کیا سوچا تھا اور وہ کس کام آیا؟

(iv) پاکستان کے شہر اٹک کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

(v) مولانا حالی کے بقول، اگر جوہرِ مخفی کی خبر نہ لی گئی تو کیا ہوگا؟

(vi) شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے کلام کا منظوم اُردو ترجمہ کس نے کیا؟

(vii) میر تقی میرؔ کے نزدیک ''حقِ بندگی'' کس طرح ادا ہوا ہے؟

(viii) شاعرہ پروین فنا سیّدؔ کو طوفان میں سفینہ اُتارنے کی شدید خواہش کیوں ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے: 5

(الف) نام دیو۔ مالی (ب) کتبہ

6۔ نظم ''محنت کی برکات'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ یا 5

نظم ''جاوید کے نام'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

7۔ اپنے تعلیمی ادارے کے سربراہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ یا 10

اپنے چچا جان کے نام خط لکھیے جس میں چچی جان کی بیماری پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے مزاج پُرسی کی جائے۔

8۔ ''دودھ میں پانی'' کے عنوان سے ایک سبق آموز کہانی لکھیے۔ یا 5

مریض اور ڈاکٹر کے درمیان علاج معالجے سے متعلق ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ (5) اجزا کی درستی/تکمیل کیجیے: 5

(i) عزیز نے گلاس کو توڑا۔

(ii) عورتوں نے کہا ہم آ گئی ہیں۔

(iii) اس نے کراچی جانا ہے۔

(iv) شانزہ نے کاپی اور قلم خریدا اور اُسے اپنے بیگ میں رکھا۔

(v) ایک انار----------

(vi) جیسا دیس----------

(vii) ناچ نہ جانے---------